الطاف فاطمہ کا ریکارڈ بھی رکھنا چاہئے تھا۔

کتاب بہت دلچسپ ہے۔ کتاب حوالہ بھی ہے مضمون نگاروں، صحافیوں، اساتذہ و طلبہ اور خواتین کے لیے خاص طور سے مفید ہے۔ ۴۰۶ خواتین کی ایک فہرست تاریخی ترتیب سے ہے، دوسری میں حروف تہجی کے اعتبار سے نام درج ہیں۔ ہر تذکرے کے ساتھ حوالہ درج ہے۔ اگرچہ چارسو پر ۴۰۰ کا ہندسہ نہ لکھا جاتا تو ہم یوں پڑھتے کہ "چارسو باکمال خواتین" ہیں — اور کچھ بھی نہیں!

قرآنِ حکیم — پارۂ عم | سیّد شبیر احمد ۱۳-اے-II- ایجوکیشن ٹاؤن، وحدت روڈ لاہور۔ فون: ۴۴۲۵۸۵ ناشر: رضیہ شریف ٹرسٹ، ۴۴۶، شادمان کالونی، لاہور۔ فون: ۴۱۲۱۰۳ — ۴۱۹۳۸۳۔ تقسیم فی سبیل اللہ ہے۔ اگر اس سلسلے کی توسیع کے لیے کچھ حضرات تعاون کرنا چاہیں تو اندازاً لاگت فی نسخہ ۱۵/ روپے کے حساب سے مدد کر دیں۔

مولینا سید شبیر احمد صاحب پہلے اپنے خاص طرز پر مرتب کر کے پارہ الم پیش کر چکے ہیں جو بہت مقبول ہوا۔ اب پارۂ عم مزید بہتر انداز سے مرتب و شائع کیا گیا ہے — سید صاحب کا یہ تجربہ بالکل نیا اور مفید ہے کہ عربی سے اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے دونوں زبانوں کے الفاظ اور جملوں کی ترتیب مختلف ہوتی ہے۔ یعنی وہ آگے پیچھے ہوتے ہیں۔ اس کا حل مولانا نے یہ نکالا ہے کہ عربی کے کچھ الفاظ یا کلمات کا رنگ نیلا اور کچھ کا سُرخ رکھا ہے۔ ان کے ترجمے میں بھی سُرخ عبارت کا ترجمہ اردو میں سُرخ رنگ میں ہوگا اور نیلے رنگ کے الفاظ کا ترجمہ نیلے رنگ میں ہوگا۔ اس طرح غیر عربی دان آدمی یا عربی سیکھنے کا خواہش نہایت آسانی سے دونوں زبانوں کی ترتیبِ عبارت کی پیچیدگی سے آزاد ہو کر کسی بھی حصے کے ترجمے کو اردو میں الگ پہچان سکے گا۔ ابھی آگے وہ مزید مفید کام کرنے والے ہیں۔